چیدہ چیدہ شرائط و ضوابط برائے ٹھیکہ اشتہاری بورڈز، ہورڈنگس تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات برائے عرصہ ایک سال 2026-2027

1) ٹھیکہ کی میعاد ایک سال ہوگی۔

2) بولی میں حصہ لینے کے خواہشمند ٹھیکہ دار مبلغ -/33,500 روپے بصورت بینک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات ڈپازٹ / بولی سے پہلے بمعہ رجسٹریشن کاپی اور شناختی کارڈ جمع کریگا۔ اور ناکام بولی دہندہ کو زیادہ 7 دن کی بعد واپس کیا جائیگا۔ بولی میں حصہ لینے والا ٹھیکہ دار آن لائن (E-Auction / E-Baldia) کے ذریعہ اپنا ڈپازٹ اشتہار کی مطابق مقررہ تاریخ، وقت تک دے سکتا ہے۔ مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد ڈپازٹ وصول نہیں کیا جائیگی۔ بولی میں حصہ لینے والا ٹھیکیدار نیلامی سے دو دن پہلے کال ڈیپازٹ اور دیگر تفصیلات ویب سائٹ پر درج / اپلوڈ کریگا۔ جعلی اور غلط تفصیلات کی صورت میں ٹھیکیدار کی خلاف قانونی کارروائی کیجائیگی۔

3) سب سے زیادہ بولی لگانے والا 50% فیصد ایڈوانس (335,000) اور 5% فیصد سیکورٹی (33,500) تین (3) دنوں کے اندر جمع کریگا۔

4) نیلامی کی اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو عارضی ایوارڈیافتہ سمجھا جائے گا۔ اور سات دن میں کارروائی مکمل کرکے معاہدہ عمل میں لایا جائیگا۔

5) مذکورہ رقم جمع کرنے میں ناکامی یا مقررہ وقت کے اندر معاہدہ پر عمل درآمد کرنے کی صورت میں بولی منسوخ کی جائیگی۔ اور زر بیعانہ بحق TMA (چارباغ) ضبط کرکے پالیسی کی شق نمبر 11 کی تحت دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے کو سب سے زیادہ موصول شدہ بولی کی حساب سے پیشکش کیا جائیگا۔

6) ٹھیکیدار کل زر ٹھیکہ کا بقایا 50% رقم تین مساوی اقساط میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارباغ کے فنڈ میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

7) ٹھیکیدار کو اس وقت تک ٹھیکہ کا باقاعدہ چارج نہیں دیا جائیگا۔ جب تک وہ معاہدہ نامہ پر دستخط نہ کرے۔

8) ٹھیکیدار ہر قسط بصورت کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ داخل کریگا۔ چیک ناقابل قبول ہوگا۔

9) وہ حضرات جن کے ذمہ حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) کے بقایاجات ہو یا حکومت نے بلیک لسٹ قرار دیا ہو۔ وہ، ان کا نمائندہ، رشتہ دار بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

10) ٹھیکہ دار ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کے نام (assign or transfer, sublet) منتقل نہیں کریں گا۔ ایسا کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور ٹھیکہ دار کی Risk & Cost پر دوبارہ نیلامی کے لئے پیش کیا جائے گا۔

11) ٹھیکیدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات کو دو معزز، معتبر، صاحب جائیداد، مقامی اشخاص کی ضمانت دے گا اور جائیداد کی ملکیتی ثبوت فراہم کریگا۔ جن کی جائیداد کی مالیت ٹھیکہ کی رقم کی برابر ہو۔ جو کہ باقاعدہ درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو۔

12) کسی بھی حالات یا ٹھیکہ میں نقصان کی صورت میں ٹھیکیدار کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہوگا۔ اگر ٹھیکیدار کسی بھی وجہ سے نقصان اٹھائے۔ تو اس صورت میں ٹی ایم اے چارباغ سوات ذمہ دار نہ ہوگی۔

13) تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل آفیسر ریگولیشن اور دیگر مجاز آفسران ٹھیکیدار کے حسابات کی جانچ پڑتال کرسکتے ہیں۔

14) ٹھیکیدار حکومت کے وضع کردہ پالیسی کے تحت انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جو کہ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت کی طرف سے عائد ہو۔

15) حکومت / صوبائی حکومت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات جب چاہے ٹھیکہ واپس لے سکتا ہے۔

16) اگر دوران ٹھیکہ، ٹھیکیدار اور ٹی ایم اے چارباغ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے تو معاملہ ثالثی ایکٹ 1940 کے تحت ریجنل میونسپل آفیسر ملاکنڈ ڈویژن کو پیش کیا جائے گا۔ جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ بدوران تنازعہ اقساط کی ادائیگی بروقت کی جائیگی۔ ٹھیکہ دار عدالت سے رجوع نہیں کرے گا۔ اگر ٹھیکیدار اور فیس دہندہ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے۔ تو ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

17) مجاز اتھارٹی کو حق حاصل ہے۔ کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کوئی بولی مسترد کردے۔

18) اگر حکومت کی ہدایت پر کسی ہولڈنگز بورڈ سائن بورڈ پر صوبائی حکومت نے کوئی معافی نامہ کا حکم جاری کیا تو ٹھیکیدار محکمہ ہذا سے کوئی معاوضہ طلب نہیں کرے گا۔

19) ٹھیکیدار ہولڈنگز بورڈز اسائن بورڈز کی کمپنیوں سے ریکوری کا خود ذمہ دار ہوگا اور اپنے مقرر شدہ ملازمین کی ایک لسٹ بمعہ Identity Card تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارباغ کے دفتر میں جمع کروائے گا۔

20) ٹھیکیدار ریکوری کرنے کا خود ذمہ دار ہوگا تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چارباغ کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

CamScanner

21) ٹھیکیدار کو قدرتی آفات، ہڑتال، بحران اور حتجاج کی صورت میں کسی قسم کی معافی نہیں دی جائی گی یا کسی اور وجہ ٹھیکیدار کو نقصان ہو تو محکمہ ہذا سے کسی قسم کا معاوضہ طلب نہیں کرے گا۔

22) ٹھیکیدار یا اس کا نمائندہ مقررہ شدہ شیڈول سے زیادہ فیس وصول نہیں کرے گا۔ زیادہ وصولی کیصورت میں ٹھیکیدار سے گیارہ (11) گناہ بطور جرمانہ وصول کیا جائیگا۔ اگر ٹھیکیدار بار بار زیادہ وصولی کرتا ہوا پایا گیا۔ تو مجاز اتھارٹی کے منظوری سے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

23) ٹھیکدار حکومت / صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات کے طرف سے ٹھیکہ کی متعلق جاری ہونے والے تمام ہدایت واحکامات کا پابند ہوگا۔

24) سرکاری اداروں کی بورڈز، بینرز فیس سے مستثنیٰ ہوگی۔

25) ٹھیکدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کبل، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بابوزئی، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن خوازاخیلہ، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بریکوٹ، اور تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن بحرین سوات کی حدود میں فیس وصول نہیں کریگا۔

26) ٹھیکدار ان بورڈوں سے فیس وصولی کا حقدار نہ ہوگا جو کہ دکان، مارکیٹ پلازہ پر لگا ہو جو ان کی شناخت ظاہر کرے۔ جس پر کسی نیشنل یا ملٹی نیشنل کمپنیز کی شناخت یالوگو موجود نہ ہو۔

27) ۔ ٹھیکدار ابتدائی فیس /NOC اور بورڈ کے جگہ کے کرایہ کی وصولی کا حقدار نہ ہوگا۔

28) ٹھیکدار درجہ ذیل شرح کے مطابق بورڈز، بینرز فیس وصولی کا حقدار ہوگا۔

- ۔سائن بورڈ ہر قسم /80 روپے فی مربع فٹ سالانہ
- 2۔ فول بینرز، بینرز ہر قسم /350 روپے فی بینر ماہاوار
- 3۔ روڈ کراس بینر /350 روپے فی بینر
- 4۔ سٹیمر /350 روپے فی سٹیمر ماہاوار

29) ٹھیکدار مقررہ غرح سے زیادہ وصولی نہیں کریگا۔

30) اگر بدوران ٹھیکہ معاہدہ کی متعلق کسی عدالت میں کیس زیر ساعت ہو یا دائیر کیا جائے۔ اس دوران ٹھیکدار کسی قسم کے کلیم کا حقدار نہ ہوگا اور عدالت جو فیصلہ کریگا۔ ٹھیکدار اُس کا پابند ہوگا۔ ٹھیکہ کی متعلق جملہ عدالتی / قانونی چارہ جوئی کی اخراجات ٹھیکدار پر ہوگی۔

31) ٹھیکدار صوبائی حکومت کی طرف سے جاری شدہ پالیسی گائیڈ لائن / شرائط، ضوابط بروئے چھٹی نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 بمورخہ 07/05/2026 کا پابند ہوگا۔

32) درجہ بالا شرائط میں کسی بھی شرط کے خلاف ورزی کیصورت میں ٹھیکدار کے ایڈوانس سیکورٹی اور جملہ جمع کردہ رقوبات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (چارباغ) سوات ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا۔ اور بلیک لسٹ کرنے کے لیے مجاز اتھارٹی کو سفارش کیا جائیگا اور ٹھیکہ کو دوبارہ نیلام کیا جائیگا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہوگی دونوں صورتوں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی آجائے وہ پہلے ٹھیکدار کے منقولہ، غیر منقولہ جائیداد سے پوری کیجائیگی اور ٹھیکدار کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حقدار نہ ہوگا۔

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے (چارباغ) سوات

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
ٹی ایم اے (چارباغ) سوات

CamScanner